**10/07/2025**

**07.4O PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شیخ یا سین سے خبریں سُنئے**

**پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔**

**ہیڈ لائنز**

***........5ملکوں کے کامیاب دورے کے بعد وزیر اعظم نریندر مو دی پہنچے وطن واپس۔**

**سرینگر میں SKICC *........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور ممبرپارلیمنٹ غلام علی کھٹانہ نے مشترکہ طور ایک نمائش کا کیا آغاز۔**

***........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کولکتہ میں ٹراول اینڈ ٹور ازم فئیر کے دوران جمونو کشمیر کی قدرتی خوبصورتی اور گونا گوں سیاحتی وسائل کو کیا اُجاگر۔**

**اور**

***........ سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری// اب تک ایک لاکھ43ہزار سے زائد یاتریوں نے کئے پوتر گپھا کے درشن۔**

**PM**

**، ارجنٹینا، برازیل Trinnidad & Tobagoوزیر اعظم نریندر مو دی پانچ ملکوں گھانا، کے کامیاب دورے کے بعد نئی دلی واپس آگئے ہیں۔ دورے کے آخری مرحلے Namibiaاور نے وزیر اعظم نریندر مو دی کی موجودگی میں مفاہمت کے دو Namibiaکے دوران بھارت اور میں کاروبار کے فروغ کے مرکز کے قیام اور صحت Namibiaاقرار ناموں پر دستخط کئے، جو اور دواؤں کے شعبے میں اشتراک سے متعلق ہیں۔**

**نمائش**

میں SKICCلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور ممبر پارلیمنٹ غلام علی کھٹانہ نے مشترکہ طور آج انڈیا سٹریکچر۔ جمونو کشمیر2025 موضوع کے تحت ایک بڑی نمائش کا افتتاح کیا۔3روز تک جا ری رہنے والی اس نمائش کا انعقادوِکست بھارت2047 کے نظریے کے تحت کیا جا رہا ہے۔ نمائش میں60 مرکزی وزارتیں، محکمے، تحقیقی ادارے اور پبلک سیکٹر ادارے شرکت کر رہے ہیں۔ نمائش کے دوران کویز مقابلوں ، نوجوانوں کی طرف سے تیار کئے گئے ماڈلوں کی عکاسی، بیداری پروگراموں نیز دستکاری کی اشیاءکی خرید و فروخت ہو گی۔ مختلف وزارتوں اور محکموں کی طرف سے سٹال بھی لگائے جا رہے ہیں۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں سے تعلق رکھنے والے بھارتی فوج کے ایک بہادر سپاہی میں منعقدہ ووشو ایشیاءکپ میں سونے کا تمغہ جیتنے پر Jilan China رجت چاڑک کو مبارکبادی ہے۔ ایک پیغام میں ایل جی نے کہا کہ مذکورہ فوجی کی بے مثال کارکردگی جمونو کشمیر کے ساتھ ساتھ پوری قوم کےلئے باعث افتخار ہے۔ ایل جی نے کھلاڑی کےلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ جمونو کشمیر اور مغربی بنگال کے درمیان گہرے ثقافتی اور جذباتی رشتے ہیں۔ انہوننے وہاں کے سیاحوں کو جمونو کشمیر کی سیر کرنے کی دعوت دی ہے ۔ آج کولکتہ میں ٹراول اینڈ ٹور ازم فئیر کے دوران خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ جمونو کشمیر گونا گوں سیاحتی وسائل سے مالا مال ہے اور یہاں کے سیاحتی بنیادی ڈھانچے کو بھی کا فی حد تک تقویت حاصل ہوئی ہے۔ انہوننے کہا۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بالتل دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جا ری ہے اور اب تک ایک لاکھ43ہزار سے زائد یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ہیں۔ آج شام 5بجے تک15ہزار 816 یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔

دریں اثنائ284گاڑیوں میں سوار7ہزار307 یاتریوں کا ایک اور قافلہ آج جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وادی پہنچا ۔

یاترا تاثرات

دریں اثناءیاتری یہاں کی موسمی صورتحال اور لوگوں کی مہمان نوازی نیز یاترا کے تعلق سے انتظامیہ کی طرف سے سلامتی سمیت دیگر انتظامات سے کا فی مطمئن ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کئی یاتریوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

چھڑی مبارک

پہلگام میں آج مہنت دپندر گیری اور سادھوؤں کے ایک گروپ نے چھڑی مبارک کی بھومی پوجن انجام دی۔ اس تقریب میں کا فی تعداد میں شردھالوؤں نے بھی شرکت کی۔

ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصد ق رشید کے ساتھ بات کرتے ہوئے مہنت دپندر گیری نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

بھومی پوجن کے بارے میں ایک کشمیری پنڈت نے کہا۔

یاترا ایڈوائزری

جمونو کشمیر پولیس نے جموں سے بالتل اور پہلگام کی طرف آنے والے یاتریوں کےلئے ایک ایڈوائزری جا ری کر تے ہوئے کہا ہے کہ ان یاتریوں کو دن کے3 بجے سے پہلے قاضی گنڈ میں نو یُگ ٹنل جبکہ4بجے سے پہلے میر بازار کراس کرنا چاہئے۔ اس ضمن میں جنوبی کشمیر کے DIG جا وید اقبال متو نے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

درخشان اندرابی

سابق وزیر اور سینئر بی جے پی لیڈر چودھری ذولفقار علی نے سرینگر مینوقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کے ساتھ ملاقات کی اور یوٹی میں وقف جائیداد کی بہتر نظامت سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے ڈاکٹر درخشاں اندرابی کے کام کی ستائش کی۔ چودھری ذولفقار علی نے راجوری ضلعے میں غیر قانونی طور ہڑپ کی گئی وقف جائیداد پر سے قبضہ ہٹانے کا معاملہ اُجاگر کیا۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی و زیر سکینہ ایتو نے آج ایک میٹنگ کے دوران بدھل اور سرنکوٹ حلقوں میں طبی نگہداشت کے بنیادی ڈھانچے اور سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ بنیادی ڈھانچے میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ مریضوں کےلئے ہر طرح کی طبی سہولیات دستیاب رکھنے میں کوئی کسر باقی نہ رکھیں۔

چیف جسٹس

جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس ارون پالی کی ہدایات کے مطابق آج جموں ہائی کورٹ کے احاطے میں" ایک پیڑ ماں کے نام" مہم کے تحت شجر کا ری مہم کا آغاز کیا گیا۔ اس موقعے پر عدالت عالیہ کے کئی جج صاحبان اور دیگر اہم شخصیات نے شجر کا ری مہم میں حصہ لیا۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں آج ایک میٹنگ کے دوران جیالوجی اینڈ مائننگ محکمے کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوننے جامع اصلاحات کے ذریعے سے کان کنی شعبے کو بحال کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ماہی پروری

آج ماہی پروروں کا قومی دن منایا جا رہا ہے۔ آج کے دن ملک کے اقتصادی منظر نامے کو مستحکم کرنے نیز تغزیہ کی فراہمی کو یقینی بنانے میں ماہی پروری سے جڑے افراد کے رول کو اُجاگر کیا جاتا ہے۔ مرکزی حکومت نے ماہی پروری کے سیکٹر میں پچھلے دس برسوں کے دوران38ہزار572کروڑ روپے کی سرمایہ کا ری کی ہے، جس کے نتیجے میں ملک میں مچھلیوں کی پیداوار اب 195لاکھ ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے سکاسٹ کشمیر میں فیکلٹی آف فشریز کے ڈویژن آف ایکوا کلچرل کے سربراہ اور ایسو سیٹ پروفیسر ڈاکٹر عنایت اللہ چستی نے کہا۔

وادی میں بھی محکمہ فشریز کی طر ف سے زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو اس سیکٹر کی طرف راغب کرنے کےلئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس ضمن میں محکمہ کے ڈائریکٹر عبدالمجید ٹاک نے کہا۔

وحید جیلانی

وادی کے ایک معروف فنکار، موسیقار اور دی کشمیر میوزک کلب سرینگر نیز جمونو کشمیر میوزک آرٹسٹ فیڈریشن کے چیرمین وحید جیلانی نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ سے اپیل کی ہے کہ وہ جمونو کشمیر کے ثقافتی منظر نامے کو تحفظ دینے کے علاوہ موسیقی کے فن سے جڑے فنکاروں کی راحت رسانی کےلئے اپنا اثر رسوخ استعمال کریں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوننے کہا۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک صحافی نصر اللہ غازی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

گرفتاری

پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جا ری رکھتے ہوئے وادی کے مختلف علاقوں سے7ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے۔ انکے قبضے سے کا فی مقدار میں نشیلی اشیاءبر آمد کی گئی ہے۔

گرو پور نیما

آج گورو پورنیما ہے ۔ا س سلسلے میں ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں تقریبات کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے گورو پورنیما کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیاہے۔

لیفٹنٹ گورنر منو ج سنہا نے گورو پورنیما کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

بی جے پی قومی جنرل سیکریٹری اور پر بھاری جمونو کشمیر بی جے پی ترون چگ نے گرو پور نیما کے موقعے پر اپنے پیغام میں کہا۔

BJP

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر ست شرما نے آج گروپورنیما کے موقعے پر پُرانی منڈی جموں میں شری رام مندر میں حاضری دی۔

دریں اثناءبی جے پی جمونو کشمیر کے سیکریٹری اروِند گپتا نے پارٹی ہیڈ کواٹر پر ایک عوامی دربار کا انعقاد کر کے لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔

تقریب

شری جیون صاحب لدھو پانپور میں آج 35برسوں کے بعد ویاس پورنیما کی تقریب منعقد ہوئی۔ ہمارے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ اس تقریب میں پنڈت برادری کے لوگوں نے شرکت کی اور مسلمان برادری نے اُن کا والہانہ استقبال کیا۔

NC

نیشنل کانفرنس نے مادر مہر بان بیگم اکبر جہاں کو انکے25ویں یوم وصال پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔ پارٹی کے لیڈروں نے ایک مشترکہ بیان میں جمونو کشمیر کی فلاح و بہبود بالخصوص پچھڑے طبقے کے لوگونکی ترقی کو یقینی بنانے میں مرحومہ کے رول کو اُجاگر کیا ہے۔

جڈی بل اور نیشنل کانفرنس کے ترجمان اعلیٰ تنویر صادق نے آج اپنے حلقے MLAدریں اثناء کے ترقیاتی فنڈ میں سے اہم کاموں کی عمل آوری کےلئے3کروڑ روپے واگذار کئے۔

ACB

جمونو کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے پٹوار حلقہ پوگل پرستان رام بن کے پٹواری مزمل سلام کو2ہزار500روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا ہے۔

NCC

این سی سی ٹریننگ اکیڈیمی نگروٹہ میں پونچھ اور راجوری ضلعوں سے تعلق رکھنے والے کیڈٹوں کےلئے10،10دنوں پر مشتمل دو تربیتی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ ان تربیتی پروگرامونمیں2ہزار سے زائد این سی سی کیڈٹوں کو تربیت دی گئی۔ این سی سی ڈائریکٹوریٹ میجر جنرل انو پندر بیولی سمیت کئی دیگر افسروں نے ان ADG جموں و کشمیرا ور لداخ کے تربیتی پروگراموں کا دورہ کر کے کیڈٹوں کی حوصلہ افزائی کی۔

ڈاک

ڈاک محکمہ15جولائی سے راجوری اور بارہمولہ پوسٹل ڈویژنوں کے تحت آنے والے تمام جے کے پوسٹل ڈویژن میں ایڈوانسڈ پوسٹل ٹیکنالوجی ایپلیکشن RMS پوسٹ آفسوں کے علاوہ شروع کر رہا ہے تاکہ صارفین کو دستیاب سہولیات کو دوام حاصل ہو سکے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22اعشاریہ9 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر28 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر45منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.................................

.....................

..........

...